## جب تک فرسودہ نظام تعلیم میں انقلابی تبدیلیاں نہیں لائی جائیں گی اس وقت تک تعلیم کا معیار گراس روٹ لیول سے اعلیٰ سطح تک بہتر نہیں ہوسکتا۔الطاف حسین

## ایم کیوایم فرسودہ نظام تعلیم کوتبدیل کرکے نئی نسل کوجدید تقاضوں کے تحت تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا چاہتی ہے،

## جوادارہ اس سلسلے میں کوششیں کرے گا اس کا غیرمشروط ساتھ دیں گے

## فلاحی ادارے زندگی ٹرسٹ کے سربراہ اورملک کے نوجوان فنکارشہزادرائے سے گفتگو

## تعلیم کے میدان میں مثبت کاوشوں پرشہزادرائے اورزندگی ٹرسٹ کی پوری ٹیم کوالطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

## زندگی ٹرسٹ تعلیم کوجدیدطرز پراستوار کرنے میں کوشاں ہے،ہم اس نیک کام میں زندگی ٹرسٹ کوغیرمشروط تعاون پیش کرتے ہیں

## عوام سے بھی تعلیم کوجدیدطرز پرآراستہ کرنے کے سلسلے میں زندگی ٹرسٹ کے ساتھ ہرممکن تعاون کریں

لندن۔۔۔19 اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ جب تک ملک کے فرسودہ نظام تعلیم میں انقلابی تبدیلیاں نہیں لائی جائیں گی اس وقت تک تعلیم کا معیار گراس روٹ لیول سے اعلیٰ سطح تک بہتر نہیں ہوسکتا۔انہوں نے یہ بات فلاحی ادارے زندگی ٹرسٹ کے سربراہ اورملک کے نوجوان فنکارشہزادرائے سے گفتگوکرتے ہوئے کہی جنہوں نے جناب الطاف حسین سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ملاقات کی ۔شہزادرائے نے جناب الطاف حسین کو زندگی ٹرسٹ کے تحت چلائے جانے والے اسکولوں کی کارکردگی،ان اسکولوں کیلئے تیارکئے جانے والے جدید سلیبس اورتعلیم کے میدان میں زندگی ٹرسٹ کی کاوشوں سے آگاہ کیا۔شہزادرائے نے جناب الطاف حسین سے گفتگوکرتے ہوئے کہاکہ 62 سال سے پاکستان میں سلیبس تبدیل نہیں کیاگیاہے اورجوسلیبس پڑھایاجارہاہے وہ جدیدزمانے کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہے لہٰذاسرکاری اسکولوں کی ریفارمیشن وقت کی اہم ضرورت ہے۔شہزادرائے نے اس سلسلے میں گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداورسٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کی کوششوں اورتعاون کا بھی ذکرکیا۔اس موقع پرجناب الطاف حسین نے تعلیم کے میدان میں شہزادرائے کی مثبت اورفلاحی کاوشوں کوسراہااوراس پرشہزادرائے اورزندگی ٹرسٹ کی پوری ٹیم کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ ایم کیوایم فرسودہ نظام تعلیم کوتبدیل کرکے نئی نسل کوجدیدزمانے کے تقاضوں کے تحت تعلیم کے زیور سے آراستہ کرناچاہتی ہے اورجوبھی ادارہ یااین جی اواس سلسلے میں کوششیں کرے گی ہم اس کا غیرمشروط ساتھ دیں گے۔انہوں نے کہاکہ زندگی ٹرسٹ تعلیم کوجدیدطرز پراستوار کرنے میں کوشاں ہے اورہم اس نیک کام میں زندگی ٹرسٹ کوغیرمشروط تعاون پیش کرتے ہیں۔انہوں نے پاکستان کے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ تعلیم کوجدیدطرز پرآراستہ کرنے کے سلسلے میں زندگی ٹرسٹ کے ساتھ ہرممکن تعاون کریں۔

## رچرڈہالبروک سے ایم کیوایم کے وفدکی ملاقات

## وفدمیں ڈاکٹرفاروق ستار،رضاہارون،بابرخان غوری شامل تھے

## ملاقات میں گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداورسٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال بھی موجود تھے

## ایم کیوایم کی جانب سے رچرڈہالبروک کوایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے دورے کی دعوت

کراچی۔۔۔19اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے گورنرہاؤس سندھ میں امریکہ کے خصوصی نمائندے برائے پاکستان اورافغانستان رچرڈہالبروک سے ملاقات کی۔وفدمیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹرفاروق ستار،رابطہ کمیٹی کے رکن رضاہارون اوروفاقی وزیربابرخان غوری شامل تھے۔اس موقع پرگورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العبادخان اورسٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال بھی موجودتھے۔ملاقات میں باہمی دلچسپی کے مختلف امورپرتبادلہ خیال ہوااورپاکستان اورامریکہ کے درمیان تعلقات کی مزید بہتری کیلئے دونوں عوام کے درمیان رابطوں کی بہتری پرزوردیاگیا۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے کراچی میں امریکی ویزہ سروس کی بحالی کی خواہش پررچرڈہالبروک نے مثبت ردعمل کااظہارکیاجسکے تحت ابتدائی طورپر ہرماہ تاجربرادری کو100ویزے جاری کرنے اورآئندہ سال سے عام شہریوں کیلئے کراچی سے ویزہ سروس کی بحالی کی یقین دہانی کرائی۔ملاقات میں پاکستان میں جمہوریت

کے فروغ اور جمہوری اداروں کو مضبوط بنانے کیلئے بلدیاتی نظام کی اہمیت کا تذکرہ کرتے ہوئے رچرڈ ہالبروک نے کہا کہ موجودہ بلدیاتی نظام جاری رہنا چاہیے۔رچرڈ ہالبروک نے کراچی میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں ترقیاتی کاموں نے انہیں بیحد متاثر کیا ہے۔رچرڈ ہالبروک نے انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیاسی اور اقتصادی اصلاحات پر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سلسلے میں امریکہ کی جانب سے پاکستان کو تعاون حاصل رہے گا۔انہوں نے پاکستان میں توانائی کے بحران سے نمٹنے کیلئے بھی امریکی حکومت کی جانب سے تعاون کا یقین دلایا۔رچرڈ ہالبروک نے کہا کہ صحت، تعلیم اور اقتصادی شعبوں میں سرمایہ کاری اور باہمی تعاون سے انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ایم کیوایم کے وفد کے ارکان نے رچرڈ ہالبروک کو ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے دورے کی دعوت دی جسے انہوں قبول کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن شروع دن سے ہی بلاامتیاز وتفریق غریب عوام کی بےلوث خدمت کررہاہے،الطاف حسین
## شہریوں کو طبی امداد کی فراہمی پر خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کو خراج تحسین

لندن۔۔۔19راگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز و پیرا میڈیکل اسٹاف کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کا ادارہ شروع دن سے ہی بلاامتیاز وتفریق عوام کی بےلوث خدمت کررہا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ 15 روز میں خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی نے شہر کے مختلف علاقوں میں طبّی وبلڈ کیمپس کے انعقاد کرکے ہزاروں افراد کو جدید طبّی سہولیات اور مفت ادویات فراہم کرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ دکھی انسانیت کی عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے دکھی انسانیت کی خدمت کرنے اور شہریوں کو بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان اور مذہب طبی سہولیات فراہم کرنے اور انسانی زندگی کے تحفظ کیلئے خون کے عطیات دینے پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں، حق پرست عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کے ایک ایک ذمہ دار اور کارکن کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## کےکےایف اور ایم کیوایم کی طبی امدادی مہم پندرہ روز جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوگئیں
## طبی کیمپس چھوٹے اسپتال کا منظر پیش کررہے تھے، الٹراساؤنڈ، ای سی جی، ایکسرے، لیبارٹری ٹیسٹ کی سہولیات فراہم کی گئیں
## امراض چشم کے مریضوں اور مجموعی طور مریضوں کو لاکھوں روپے مالیت کی ادویات مفت فراہم کی گئیں

کراچی۔۔۔19،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے زیراہتمام شہر کے مختلف علاقوں میں طبی امدادی اور بلڈ کیمپس کے قیام کی مہم گزشتہ روز اختتام پذیر ہوگئی۔تفصیلات کے مطابق طبی امدادی اور بلڈ کیمپس کے قیام کی جاری پندرہ روزہ مہم کے دوران شہر کے مختلف علاقوں میں درجنوں طبی امدادی اور بلڈ کیمپس کا قیام عمل میں لایا گیا جن میں سے بیشتر طبی امدادی کیمپس چھوٹے اسپتال کا منظر پیش کررہے تھے، ان طبی کیمپوں پر الٹراساؤنڈ، ای سی جی، ایکسرے، لیبارٹری ٹیسٹ اور آنکھوں کے معائنہ کی سہولیات فراہم کی گئیں اور مریضوں کو چشمے بھی مفت دیئے گئے۔طبی امدادی کیمپوں پر جلد کے امراض، آنکھ کے امراض، بچوں کے امراض، سینے کے امراض، ہڈیوں کے امراض، جنرل میڈیسن اور دیگر امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور انہیں لاکھوں روپے مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں۔اس دوران بلڈ کیمپوں پر ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں نے پہنچ کر بڑی تعداد میں خون کے عطیات دیئے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست صوبائی وزراء، ارکان اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین نے طبی کیمپوں کے دورے کئے اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور طبی کیمپوں پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے عملے کو جذبے کو سراہا یا اور انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔طبی کیمپوں سے ہزاروں کی تعداد میں استفادہ کرنے والے نوجوانوں، بزرگ اور خواتین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم نے علاقے علاقے طبی سہولیات فراہم کرکے بلاتفریق انسانیت کی جو خدمت کی ہے وہ ہمارے نزدیک سب سے بڑی عبادت ہے۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## تاج حیدر کے ہوتے ہوئے پیپلز پارٹی کو کسی دشمن کی ضرورت نہیں، قاسم علی رضا

کراچی۔۔۔19، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج قاسم علی رضا نے پیپلز پارٹی کے رہنما تاج حیدر کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاج حیدر کے ہوتے ہوئے پیپلز پارٹی کو کسی دشمن کی ضرورت نہیں۔ایک بیان میں قاسم علی رضا نے کہا کہ جو عاقبت نا اندیش لاعلمی کے باعث ایم کیوایم کے پندرہ ہزار شہداء کی فہرست طلب کررہے ہیں وہ بھول گئے ہیں کہ 1994ء میں ایم کیوایم کی جانب سے سپریم کورٹ میں آئینی پٹیشن دائر کی گئی تھی جس میں ماورائے عدالت قتل ہونے والے ایم کیوایم کے ہزاروں شہداء کی تفصیل موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ جو عاقبت نااندیش ایم کیوایم کے 15 ہزار شہداء کی فہرست طلب کررہے ہیں انہیں یہ بھی علم نہیں کہ جنوری 2009ء سے اب تک ایم کیوایم کے 52 کارکنان کو شہید کیا جاچکا ہے اور ان شہداء کی تفصیل اخبارات میں شائع بھی ہوچکی ہے۔قاسم علی رضا نے پیپلز پارٹی کے مخلص رہنماؤں سے اپیل کی کہ وہ تاج حیدر کے جاہلانہ طرزعمل کا نوٹس لیں اور نادان دوستوں سے ہوشیار رہیں۔

## ایم کیوایم کے تحت جمعرات کو بلدیاتی نمائندوں کے کنونشن کا انعقاد کیا جائے گا

## کنونشن میں دانیال عزیز، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور بلدیاتی نمائندے شرکت کریں گے

کراچی۔۔۔19/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ''موجودہ بلدیاتی نظام، اہمیت وافادیت'' کے موضوع پر کل بروز جمعرات 20/اگست 2009ء شام 6 بجے عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں بلدیاتی نمائندوں کا کنونشن منعقد کیا جارہا ہے۔کنونشن میں حق پرست ارکان سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلی، سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظم محترمہ نسرین جلیل اور قومی تعمیر نو بیورو کے سابق چیئرمین دانیال عزیز کے علاوہ کراچی بھر کے بلدیاتی نمائندے بھی شرکت کریں گے۔بلدیاتی نمائندوں کے کنونشن کے سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہوچکی ہیں۔۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن اور نیو کراچی ٹاؤن کی حق پرست خاتون جنرل کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 109 کے کارکن محمد فہیم کے والد محمد سلیم اور نیو کراچی ٹاؤن یوسی 12 کی حق پرست جنرل کونسلر محترمہ شاہین سحر کے شوہر محمد حنیف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## وقت نیوز کے ایسوسی ایٹ پروڈیوسر دانش علی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔19، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وقت نیوز کے ایسوسی ایٹ پروڈیوسر دانش علی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں ربطہ کمیٹی نے دانش علی سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆